بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ

نمبر ص ا ب / س / ۲ / ۲۵ / ۲۰۱۳ مورخہ ۳۱ / اکتوبر ۲۰۱۷

بخدمت جناب چیف سیکرٹری، حکومت بلوچستان، کوئٹہ

موضوع **قــــــرارداد۔**

بلوچستان صوبائی اسمبلی کی نشست منعقدہ مورخہ ۲۶/ اکتوبر ۲۰۱۷ میں قرارداد نمبر ۱۴۶ منجانب، عبدالمجید خان اچکزئی، رکن اسمبلی، بمراد اطلاع ضروری کارروائی ارسال خدمت ہے۔

قــــــرارداد

ہرگاہ کہ (LIEDA) لیڈا کا قیام ۱۹۸۴ میں عمل لایا گیا تھا جس کا مقصد صوبہ میں صنعتوں کا قیام ان سے آمدن میں اضافہ/ افرادی قوت اور صوبہ میں روزگار کے مواقع فراہم کرنا تھا تا ہم مقتدر حلقوں نے صنعت کاروں کے مفاد میں صنعتوں کا قیام تو صوبہ بلوچستان میں کیا تاہم ان کے ہیڈ کوارٹرز کراچی میں قائم کئے گئے ستم ظریفی تو یہ ہے کہ حکومت پاکستان نے ان صنعتوں سے حاصل کردہ آمدن پر انکم و سیلز ٹیکس کراچی میں جمع کرنے کا قانون وضع کیا ہے۔ جس سے صوبہ بلوچستان کو مذکورہ صنعتوں کے قیام سے کوئی مالی استعفادہ حاصل نہیں ہو رہا ہے۔ جبکہ سالانہ ایک سو چالیس بلین روپے سیلز و انکم ٹیکس کی مد میں صوبہ سندھ کی اکاؤنٹ میں جمع ہو رہا ہے جسکی وجہ سے ہماری صنعتوں سے انکم و سیلز ٹیکس کی آمدنی کا حصہ صوبہ سندھ کو این۔ ایف۔ سی ایوارڈ کی صورت میں مل جاتا ہے جو کہ بلوچستان صوبہ کے ساتھ سراسر ناانصافی و زیادتی کی مترادف ہے اور اٹھارویں ترمیم کے بعد حکومت بلوچستان کو مذکورہ آمدن کی صوبہ منتقلی کیلئے ضروری قانون سازی کرنی چاہیے تھی جو کہ نہیں کی گئی۔

لہذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وفاقی حکومت سے رجوع کرے۔ کہ وہ انکم ٹیکس آرڈیننس ۲۰۰۱ کی مذکورہ شق کو فوری طور پر ختم کرتے ہوئے (LIEDA) لیڈا کے تحت حب میں قائم صنعتوں کے زونل دفاتر کو حب میں منتقل کرنے کا حکم صادر کرے۔ تاکہ ان صنعتوں سے حاصل ہونے والی آمدن سے صوبہ بلوچستان استفادہ حاصل کر سکے۔

(رحمت اللہ خان)

معتمد،

نقل برائے اطلاع بخدمت:۔

۱) بخدمت جناب عبدالمجید خان اچکزئی / محرک قرارداد۔
۲) جناب سیکرٹری قومی اسمبلی، پاکستان، اسلام آباد۔
۳) جناب سیکرٹری سینٹ، سینٹ سیکرٹریٹ پاکستان، اسلام آباد۔
۴) جناب پرنسپل سیکرٹری برائے وزیر اعظم پاکستان، وزیر اعظم سیکرٹریٹ، اسلام آباد۔
۵) جناب ڈی۔ جی (لاء) پریزیڈنٹ سیکرٹریٹ، (پبلک) ایوان صدر، اسلام آباد۔
۶) چیرمین ایف۔ بی۔ آر، پاکستان، اسلام آباد۔
۷) جناب سیکرٹری وزارتِ صنعت و حرفت، حکومت پاکستان، اسلام آباد۔
۸) جناب سیکرٹری صنعت و حرفت، حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔
۹) جناب سیکرٹری قانون و پارلیمانی امور، حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔
۱۰) جناب مینجنگ ڈائریکٹر لیڈا حب، حکومت بلوچستان۔
۱۱) جناب سیکرٹری، صوبائی اسمبلی، پنجاب، سندھ۔ خیبر پختونخوا۔ قانون ساز اسمبلی آزاد جموں کشمیر، قانون ساز اسمبلی گلگت بلتستان، بمقام لاہور، کراچی، پشاور، مظفر آباد اور گلگت۔

(شمس الدین)

شریک معتمد، (سوالات)

Scanned with CamScanner